فدیہ کو کسی دوسری جنس میں تبدیل کرنا – 21 /Apr/ 2022

وہ شخص جس کے ذمے فدیہ یا کفارہ تاخیر واجب ہو مثلاً اسے دس دن کے برابر مد کھانا دینا ہو تو ضروری ہے کہ دس مد کھانے کے برابر مثلاً دس عدد ۷۵۰ گرام گندم یا روٹی وغیرہ فقیر کو دے۔ یہ شخص کھانے کے مد کی جتنی قیمت بنتی ہے اسے کسی دوسری چیز میں تبدیل نہیں کرسکتا{مثلاً فقیر کو ایک مرغ یا کچھ مقدار میں گوشت دینا چاہے}۔

سوال: کچھ مقدار میں کفارہ جمع کیا گیا ہے کیا ہم اس سے فقراء کے لئے راشن مہیا کرسکتے ہیں؟

جواب: کوئی حرج نہیں تاہم توجہ رہنی چاہئے کہ جمع شدہ کفارہ کھانے کے اسی مد کے مطابق فقیر کو دیا جانا چاہئے جسے جمع کیا گیا ہو، بطور مثال اگر کفارہ دینے والے نے گندم کے مد مہیا کرنے کی رقم دی ہو تو ضروری ہے کہ گندم ہی مہیا کی جائے اور اسے چاول یا اس جیسی دوسری چیزوں میں تبدیل کرنا جائز نہیں ہے۔